## مُرَکَّبِ تَوْصِیْفِي:

۴۔ جس مرکب میں دوسرا لفظ پہلے کی صفت بتائے وہ مرکب توصیفی ہے، جیسے: رَجُلٌ صَالِحٌ (کوئی ایک مرد نیک)۔ دیکھیں اِس مثال میں لفظ صَالِح لفظ رَجُل کی نیکی کی صفت بتاتا ہے۔

۵۔ مرکب توصیفی میں پہلا جزء اسمِ ذات (جاندار اور بے جان چیزوں کی ذات کا نام) ہوتا ہے اور دوسرا اسمِ صفت۔ دیکھو اوپر کی مثال میں "رَجُل" اسمِ ذات ہے اور "صَالِح" اسمِ صفت۔

۶۔ مرکب توصیفی میں پہلے جزء کو موصوف اور دوسرے کو صفت کہتے ہیں۔ چنانچہ اوپر کی مثال میں "رَجُلٌ" موصوف ہے اور "صَالِحٌ" صفت ہے۔

۷۔ موصوف نکرہ ہو تو صفت بھی نکرہ ہوگی ورنہ معرفہ، جیسے: رَجُلٌ صَالِحٌ اس میں دونوں جزء نکرہ ہیں۔ "اَلرَّجُلُ الصَّالِحُ" دونوں جزء معرفہ ہیں۔

۸۔ جو اعرابی[1] حالت موصوف کی ہوگی وہی صفت کی ہوگی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بُسْتَانٌ | باغ | كَبِيْرٌ | بڑا |
| بَحْرٌ | سمندر، دریا | عَمِيْقٌ | گہرا |
| بِطِّيْخٌ | تربوز، خربوزہ | رَدِيْءٌ | نکما |
| تُفَّاحٌ | سیب | جَيِّدٌ | عمدہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رُمَّانٌ | انار | حُلْوٌ | میٹھا |
| شَارِعٌ | بڑا راستہ، شاہراہ | عَرِيْضٌ | چوڑا |
| قَصْرٌ | محل، حویلی | مُشَيَّدٌ | مضبوط |
| مَحَلٌّ | جگہ | نَظِيْفٌ | ستھرا |
| مَسْجِدٌ | مسجد | وَسِيْعٌ | کشادہ |
| مَلِكٌ | بادشاہ | عَظِيْمٌ | بزرگی والا، بڑا، شاندار |
| جُبْنٌ | پنیر | مَالِحٌ یا مِلْحٌ | کھارا، نمکین |
| قَلَمٌ | قلم | صَغِيْرٌ | چھوٹا |
| وَرْدٌ | گلاب کا پھول | أَحْمَرُ (بغیر تنوین کے) | سرخ |

پہلے کالم کے الفاظ کو موصوف اور دوسرے کالم کے الفاظ کو بطور صفت استعمال کر کے مختلف مرکب توصیفی بنائیں